100 شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ-9)

مصنف

ابو البنات محمد فراز عطاری مدنی

نظر ثانی: مفتی انس رضا قادری مدنی

الحمد للہ اب تک 34 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔

رسالوں کے نام یہ ھیں:

(1) نبی ہمارے بڑی شان والے (تجلی الیقین)
(2) والدین مصطفی جنتی جنتی (شمول الاسلام)
(3) دافع البلاء (الامن و العلی)
(4) نبی مختار کل ہیں (منیۃ اللبیب)
(5) دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)
(6) نور مصطفی (صلات الصفا)
(7) سایہ نہیں کوئی (نفی الفیئ)
(8) رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ھیں:

(9) خلاصہ تراویح (30 پاروں کا اردو خلاصہ)
(10) ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ (اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)
(11) اعلی حضرت اور فن شاعری
(12) غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر
(13) جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام
(14) درس سیرت
(15) پیارے نبی کے پیارے نام

(16) الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ (نبوی دعائیں)

(17) قواعد المیراث

(18) شان صدیق اکبر

(19) خلافت فاروق اعظم

(20) فیضان عثمان غنی

(21) سیرت عبد اللہ شاہ غازی

(22) قیام پاکستان اور علماء اہلسنت

(23) واقعہ کربلا (مختصر)

(24) عدت اور سوگ کے احکام

(25) رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں

(26) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 1)

(27) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 2)

(28) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 3)

(29) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 4)

(30) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 5)

(31) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 6)

(32) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 7)

(33) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 8)

(34) امیر اہلسنت اور فن شاعری

فہرست

عقائد و معمولات

روایات واحادیث

طہارت

نماز / تراویح

امامت

روزہ / اعتکاف

زکوٰۃ / فطرہ

70) قسطوں پر لئے ہوئے پلاٹ پر زکوۃ
71)فطرہ کس کو دیں
72) فوت شدہ کا فطرہ
73) قسطوں پر لی ہوئی گاڑی کی رقم نصاب سے مائنس ہوگی
74) دو گھروں پر زکوۃ
75) گھر بنانے کے لئے رقم رکھی ہو تو زکوۃ
76) جس پر زکوۃ فرض نہیں اس کا زکوۃ لینا
77) فطرہ کس پر واجب
78) دکان پر زکوۃ
79) تکافل میں جمع کروائی گئی رقم پر زکوۃ
80) بینک سے کاٹی گئی زکوۃ
81) بہن کو فطرہ دینا
82) مالک نصاب کا مطلب
83) زکوۃ میں راشن دینا
84) مختلف اموال زکوہ نصاب سے کم ہوں
85) زکوۃ کن کو دے سکتے ہیں
86) ٹیوب ویل سے سیراب کی گئی فصل پر عشر
87) ڈپازٹ میں رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ
88) حج کے لئے جمع کی گئی رقم پر زکوۃ
89) شیئرز پر زکوۃ
90) مشینوں پر زکوۃ
91) زکوۃ اور صدقہ فطر میں فرق

قسم

92) نابالغ نے قسم توڑ دی

وقف

93) امام کی تنخواہ مسجد کے چندے سے
94) مسجد کے چندے سے امام کو بونس

متفرق

95) عرف کی شرعی حیثیت
96) بچے کے کان میں اذان

جائز / ناجائز

97) بائیں ہاتھ سے جانور ذبح کرنا
98) چوری کی چیز خریدنا
99) غسل سے پہلے میت کے پاس تلاوت
100) نئے نوٹ اوپر پیسے دیکر خریدنا

عقائد و معمولات

FARAZ ATTARI MADANI

1 اذان سے پہلے درود و سلام

سوال: اذان سے پہلے اور بعد درود و سلام پڑھنے کا ثبوت کہاں سے ہے؟

USER ID: علامہ صاحبزادہ فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اذان واقامت سے پہلے اور بعد درود و سلام پڑھنا نہ صرف جائز بلکہ کار ثواب ہے اور اس کے کئی دلائل موجود ہیں، بغیر تعصب کے دلائل پڑھے جائیں تو امید ہے بات سمجھ آجائے گی۔ سب سے پہلے یہ اصول یاد رکھیں کہ جس کام سے شریعت نے منع نہ کیا ہو وہ اصل کے اعتبار سے مباح (جائز) ہوتا ہے، اذان سے پہلے درود و سلام کی ممانعت کہیں وارد نہیں۔ (ماخوذا: ترمذی، 1726) دوسرا یہ کہ جس کام کو شریعت نے بغیر کسی قید کے بیان کیا ہو اس میں اپنی مرضی سے قید لگا دینا شریعت پر افترا ہے۔ درود و سلام پڑھنے کا حکم اللہ پاک نے قرآن میں دیا ہے مگر کہیں قید نہیں کہ اذان واقامت سے پہلے نہ پڑھا جائے، لہذا اذان سے پہلے اور بعد پڑھنا بھی اسی آیت پر عمل کہلائے گا۔ (الاحزاب، 56) اذان واقامت سے پہلے درود و سلام صدیوں سے رائج ہے اور جس کام کو مسلمان اچھا سمجھ کر کرتے ہوں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہوتا ہے۔ (طبرانی، ج4) اذان کے بعد درود بھیجنے کا حکم خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہے۔ (مسلم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

2

اجماع امت کا منکر

سوال: اجماع امت کے منکر کا کیا حکم ہے؟

USER ID: محمد طاہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر اجماع ایسی بات پر ہو جس کا تعلق ضروریات دین سے ہو تو اس کا منکر کافر ہو گا اور اگر ضروریات دین سے نہیں تو کافر نہیں لیکن پھر بھی اجماع کے انکار کی اجازت نہیں۔ بعضوں نے کہا کہ صحابہ کے اجماع قطعی کا منکر کافر ہے اور غیر صحابی کے اجماع کا منکر گمراہ ہے۔
(ملخصا: موسوعہ کویتیہ مترجم، جلد 1، صفحہ 108)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبــــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

3

صحابہ کی کرامات

سوال: کیا صحابہ کی بھی کرامات ہوتی ہیں جیسے اولیاء کی ہوتی ہیں؟

USER ID:محمد یونس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

صحابہ کرام علیھم الرضوان اولیاء میں سب سے افضل ہیں اور جس طرح اللہ پاک نے اولیاء کرام کو کرامتیں عطا کیں اسی طرح صحابہ کرام کو بھی عطا کیں البتہ یہ ضرور ہے کہ صحابہ کرام علیھم الرضوان سے کرامتوں کا صدور اتنا نہ ہوا جتنا دیگر اولیاء کرام سے ہوا۔ علامہ عبد المصطفی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "تمام علماء امت و اکابر امت کا اس مسئلہ پر اتفاق ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم افضل الاولیاء ہیں۔۔۔ اس میں شک نہیں کہ حضرات صحابہ کرام سے اس قدر زیادہ کرامتوں کا صدور نہیں ہوا جس قدر کہ دوسرے اولیاءے کرام سے کرامتیں منقول ہیں لیکن واضح رہے کہ کثرت کرامت افضلیت ولایت کی دلیل نہیں۔۔۔ الخ

(کرامات صحابہ، صفحہ 52)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

روایات
و
احادیث

FARAZ ATTARI MADANI

4 رمضان میں مرنے والے کی فضیلت

سوال: کیا رمضان میں انتقال کر جانے والا جنت میں داخل ہو گا اور قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا؟

USER ID:حسان خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اس طرح کی روایات موجود ہیں کہ رمضان میں انتقال کر جانے والا جنت میں داخل ہو گا اور اسے عذاب قبر سے امان ملے گی، چنانچہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس کو رمضان کے وقت موت آئی وہ جنت میں داخل ہو گا۔" (حلیۃ الاولیاء، جلد 5، حدیث 6178)

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں: "حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ماہ رمضان میں مردوں سے عذاب قبر اٹھا لیا جاتا ہے۔" (شرح الصدور ص ۱۸۷)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ
AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY
قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5 جنت کے دروازے اور مہینوں میں

سوال: حدیث میں ہے کہ جنت کے دروازے رمضان میں کھولے جاتے ہیں تو کیا باقی سال میں وہ نہیں کھلتے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جنت کے دروازے اور مہینوں میں بھی کھلتے ہیں مگر فرق یہ ہے کہ رمضان میں پورا مہینہ کھلے رہتے ہیں جبکہ دوسرے مہینوں میں کبھی کھلتے ہیں اور کبھی بند ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ علامہ علی قاری اور مفتی احمد یار خان نعیمی رحمھما اللہ کی گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ "جنت کے دروازوں کو رمضان کے علاوہ دیگر مواقع پر بھی کھولا جاتا ہے البتہ رمضان اور غیر رمضان میں ان کے کھلنے میں فرق یہ ہے کہ رمضان کی آمد پر نہ صرف جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں بلکہ دوزخ کے دروازے بند بھی کئے جاتے ہیں۔ نیز رمضان کے علاوہ دیگر مہینوں میں جنت اور دوزخ کے دروازے کبھی کھلتے ہیں اور کبھی بند ہوتے ہیں مگر رمضان میں سارا مہینا دوزخ کے دروازے بند جبکہ جنّت کے کھلے رہتے ہیں۔ (مرقاۃ المفاتیح، ج 4، ص 458، مراۃ المناجیح، ج 3، ص 136)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

فقہی مسائل گروپ
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

6

رمضان میں فرض کا ثواب 70 گنا

سوال: کیا یہ حدیث ہے کہ رمضان میں فرض کا ثواب ستر گناہ ملتا ہے اور نفل کا ثواب فرض کے برابر؟

USER ID: حافظ زاہد حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایک طویل حدیث پاک میں یہ الفاظ موجود ہیں کہ رمضان میں نیکی کے کام کا ثواب فرض کے برابر اور فرض کا ثواب ستر (70) گنا ملتا ہے۔ چنانچہ صحیح ابن خزیمہ میں ہے:"من تقرب فیہ بخصلۃ من الخیر کان کمن ادی فریضۃ فیما سواہ و من ادی فیہ فریضۃ کان کمن ادی سبعین فریضۃ فیما سواہ "ترجمہ: جس نے رمضان میں نیکی کا کام کیا تو گویا اور مہینوں میں فرض ادا کیا اور جس نے رمضان میں فرض ادا کیا تو ایسا ہے جیسے اور مہینوں میں 70 فرض ادا کیے۔ (صحیح ابن خزیمہ، جلد 3، حدیث 1887، المکتب الاسلامی)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

طہارت

FARAZ ATTARI MADANI

7

لینس لگے ہوں تو وضو

سوال: لینس لگے ہوں تو وضو ہو جاتا ہے؟

USER ID: احتشام علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

لینس لگے ہونے کی حالت میں وضو ہو جاتا ہے کیونکہ وضو میں آنکھ کے اندر پانی ڈالنا فرض نہیں بلکہ آنکھ کے اندر پانی ڈالنا منع ہے کہ یہ نقصان دہ ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "آنکھوں کے ڈھیلے اور پپوٹوں کی اندرونی سَطح کا دھونا کچھ درکار نہیں بلکہ نہ چاہیئے کہ مضر ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 290)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

8 وضو میں آنکھیں بند کرنا

سوال: وضو میں آنکھیں بند کرنا کیسا؟

USER ID: غلام محمد سندھی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وضو کرتے وقت آنکھیں بند کرنا جائز ہے لیکن اتنی زور سے بند کرلینا جس سے زیادہ حصہ دھلنے سے رہ جائے یہ ممنوع ہے کہ اس سے وضو نہیں ہو گا اور معمولی حصہ دھلنے سے رہ جائے تو معاف ہے مگر اتنا بند کرنا بھی منع ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "منھ دھوتے وقت آنکھیں زور سے مِیچ لیں کہ پلک کے متّصل ایک خفیف سی تحریر بند ہو گئی اور اس پر پانی نہ بہا اور وہ عادۃ بند کرنے سے ظاہر رہتی ہو تو وضو ہو جائیگا مگر ایسا کرنا نہیں چاہیئے اور اگر کچھ زیادہ دھلنے سے رہ گیا تو وضو نہ ہو گا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 290)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

9 جوتے پر تر نجاست لگی

سوال: جوتے پر تر نجاست لگی اور پھر خشک ہو گئی تو اب جوتا پاک ہو گیا یا کرنا ہو گا؟

USER ID: خالد امیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر تر نجاست کو پاک نہ کیا یہاں تک کہ وہ خشک ہو گئی تو اب اس جوتے کو دھو کر پاک کرنا ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "اور اگر ایسا نہ کیا یہاں تک کہ وہ نجاست سوکھ گئی تو اب بے دھوئے پاک نہ ہوں گے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 401)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ / 03 اپریل 2023ء

نماز تراویح

10 تراویح بغیر جماعت پڑھنا

سوال: فرض جماعت کے ساتھ پڑھ کر تراویح اور وتر الگ سے پڑھنا کیسا؟

USER ID: حبیب حنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

تراویح کی جماعت سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے، اگر چند افراد نے جماعت سے پڑھ لی تو باقی بغیر جماعت کے پڑھ سکتے ہیں لیکن افضل یہی ہے کہ جماعت کے ساتھ پڑھے، اسی طرح رمضان میں وتر جماعت سے پڑھنا افضل ہے۔ امیر اہلسنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: ”تراویح کی جماعت سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے۔ اگر مسجد کے سارے لوگوں نے چھوڑ دی تو سب اساءت کے مرتکب ہوئے (یعنی برا کیا) اور اگر چند افراد نے باجماعت پڑھ لی تو تنہا پڑھنے والا جماعت کی فضیلت سے محروم رہا۔“ (فیضان رمضان، صفحہ 116)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03 رمضان المبارک 1444ھ / 25 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy

www.arqfacademy.com

Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ

Phone No:+923471992267

11 سجدہ تلاوت کا طریقہ

سوال: سجدہ تلاوت کا مکمل طریقہ بتادیں؟

USER ID:محمد یونس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

سجدہ تلاوت کے لئے طہارت یعنی باوضو ہونا اور غسل کا فرض نہ ہونا اور قبلہ کو رخ ہونا ضروری ہے، پہلے نیت کی جائے گی مگر ہاتھ نہیں اٹھانے، پھر کھڑے ہو کر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے میں جائیں اور کم از کم تین بار سجدے کی تسبیح سبحان ربی الاعلی پڑھیں پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے کھڑے ہوجائیں۔ بہار شریعت میں ہے:" سجدہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ کھڑا ہو کر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدہ میں جائے اور کم سے کم تین بار سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہے، پھر اللہ اکبر کہتا ہوا کھڑا ہو جائے، پہلے پیچھے دونوں بار اللہ اکبر کہنا سنت ہے اور کھڑے ہو کر سجدہ میں جانا اور سجدہ کے بعد کھڑا ہونا یہ دونوں قیام مستحب۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 731)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05رمضان المبارک1444ھ /27مارچ 2023ء

12 تراویح کی تین رکعتیں

سوال: اگر تراویح کی تین رکعتیں پڑھادیں اور دوسری پر قعدہ نہ کیا نہ سجدہ سہو کیا تو کیا حکم ہے؟

USER ID:ابوالوفا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر تراویح کی تین رکعتیں پڑھادیں اور دوسری پر قعدہ نہ کیا تو یہ نماز نہ ہوئی اس کے بدلے میں دو رکعتیں پھر پڑھنی ہوں گی اور ان میں جو قرآن پڑھا گیا اس کا بھی اعادہ کرنا ہوگا۔ مفتی ہاشم صاحب لکھتے ہیں: "تین رکعت پڑھ کر سلام پھیرا، اگر دوسری پر بیٹھا نہ تھا تو نہ ہوئیں ان کے بدلے کی دو رکعت پھر پڑھے۔" (احکام تراویح، صفحہ 62)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

13

الصلاۃ خیر من النوم کہنا بھول گئے

سوال: اگر کوئی فجر میں الصلاۃ خیر من النوم میں بھول گیا تو کیا اذان دوبارہ دینی ہو گی؟

USER ID: رانا اصغر علی ملتانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فجر کی اذان میں الصلاۃ خیر من النوم کہنا مستحب ہے اگر کوئی بھول جائے تو بھی اذان ہو جائے گی اعادہ ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "صبح کی اذان میں فلاح کے بعد الصلوۃ خیر من النوم کہنا مستحب ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 470)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

14 تراویح میں چھینک آجائے

سوال: اگر دوران تراویح چھینک آجائے تو کیا اس کا جواب دیں گے؟

USER ID: محمد احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

تراویح ہو یا کوئی اور نماز اگر چھینک آجائے تو بہتر یہ ہے کہ اس وقت حمد نہ کہے بلکہ بعد میں کہے لیکن اگر اپنی چھینک پر الحمد للہ کہا تو نماز نہیں ٹوٹے گی البتہ کسی اور کو چھینک آئی تو جوابا یرحمك اللہ کہنے سے نماز ٹوٹ جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: "کسی کو چھینک آئی اس کے جواب میں نمازی نے یَرْحَمُكَ اللہ کہا، نماز فاسد ہو گئی۔۔۔ نماز میں چھینک آئے، تو سکوت کرے اور الحمد للہ کہہ لیا تو بھی نماز میں حرج نہیں اور اگر اس وقت حمد نہ کی تو فارغ ہو کر کہے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 605)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

15

تراویح میں چار رکعتیں

سوال: اگر تراویح میں چار رکعتیں پڑھادیں اور سجدہ سہو کیا تو کیا نماز ہو جائے گی؟

USER ID:عرفان اشرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر تراویح میں چار رکعتیں پڑھادیں تو اگر دوسری پر قعدہ کیا تھا تو چار رکعتیں ہو گئیں اور اگر دوسری پر قعدہ نہ کیا تو دو ہی رکعتیں ہوئیں۔ مفتی ہاشم صاحب لکھتے ہیں: "دو رکعت پر بیٹھنا بھول گیا کھڑا ہو گیا تو جب تک تیسری کا سجدہ نہ کیا ہو بیٹھ جائے اور سجدہ کر لیا ہو تو چار پوری کر لے مگر یہ دو شمار کی جائیں گی اور جو دو پر بیٹھ چکا ہے تو چار ہوئیں۔"

(احکام تراویح، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

16 سجدہ تلاوت کے بعد سورہ فاتحہ

سوال: امام صاحب نے سجدہ تلاوت کرنے کے بعد دوبارہ قیام میں آکر سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کردی اور پھر قراءت شروع کی تو کیا حکم ہے؟

USER ID: فیصل صالح شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

معلوم کی گئی صورت میں نماز ہوگئی اور سجدہ سہو واجب نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "الحمد کے بعد سورت پڑھی اس کے بعد پھر الحمد پڑھی تو سجدۂ سہو واجب نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 711)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

17

دعائے قنوت پڑھے بغیر رکوع میں

سوال: امام صاحب دعائے قنوت پڑھے بغیر رکوع میں گئے تو کسی نے لقمہ دیا تو امام صاحب واپس لوٹے اور دعائے قنوت پڑھ کر رکوع کیا اور آخر میں سجدہ سہو کر لیا تو نماز ہو گئی؟

USER ID: فیصل صالح شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

امام اگر لقمہ لے کر واپس لوٹا تو امام اور سارے مقتدیوں کی نماز ٹوٹ گئی، یہ نماز دوبارہ ادا کرنی ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "جو شخص قنوت بھول کر رکوع میں چلا جائے اسے جائز نہیں کہ پھر قنوت کی طرف پلٹے بلکہ حکم ہے کہ نماز ختم کرکے اخیر میں سجدہ سہو کرلے۔۔ تو جن مقتدیوں نے اسے اس عود ناجائز کی طرف بلانے کے لئے تکبیر کہی ان کی نماز فاسد ہوئی۔۔ اب کہ وہ ان مقتدیوں کے بتانے سے پلٹا اور یہ نماز سے خارج تھے تو خود اس کی بھی نماز جاتی رہی اور اس کے سبب سب کی گئی" (فتاوی رضویہ، جلد8، صفحہ 219)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

18

تراویح وتر کے بعد

سوال: کیا تراویح وتر کے بعد پڑھ سکتے ہیں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

USER ID: ملک شاہزیب اعوان

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تراویح وتر کے بعد پڑھی جا سکتی ہے۔ در مختار میں ہے: "ووقتها بعد صلاة العشاء الى الفجر قبل الوتر و بعده فی الاصح" ترجمہ: اور تراویح کا وقت عشاء (کے فرض پڑھنے) کے بعد سے فجر تک ہے وتر سے پہلے بھی پڑھی جا سکتی ہے اور بعد بھی صحیح قول کے مطابق۔

(در مختار، صفحہ 94، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

19

آمین بلند آواز سے کہنا

سوال: نماز میں اونچی آواز سے آمین کہنا کیسا؟

USER ID:عامر ملتانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں آہستہ آواز سے آمین کہنا سنت ہے اور بلند آواز سے کہنا خلاف سنت ہے۔ حدیث میں ہے:"علقمہ بن وائل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے نبی پاک ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی تو جب آپ نے غیر المغضوب علیھم والضالین پڑھا تو آہستہ آمین کہی۔" (مستدرک، جلد2، صفحہ 253)

عمدۃ القاری میں ہے:"حضرت ابو وائل فرماتے ہیں کہ حضرت عمر وحضرت علی رضی اللہ عنہما بسم اللہ و آمین بلند آواز سے نہ کہتے۔"

(عمدۃ القاری، جلد6، صفحہ 75)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

20 نماز میں کسی کلمہ کو دوبار پڑھنا

سوال: نماز تراویح میں امام صاحب نے غیر المغضوب کو دوبار پڑھا تو کیا حکم ہے؟

USER ID: معین شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مخارج درست کرنے کی نیت سے دوبار پڑھا یا بغیر قصد زبان سے تکرار ہوگئی تو نماز ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: "کسی کلمہ کو مکرر پڑھا، تو معنی فاسد ہونے میں نماز فاسد ہوگی جیسے رَبِّ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مٰلِكِ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ جب کہ بقصد اضافت پڑھا ہو یعنی رب کا رب، مالک کا مالک اور اگر بقصد تصحیح مخارج مکرر کیا یا بغیر قصد زبان سے مکرر ہو گیا یا کچھ بھی قصد نہ کیا تو ان سب صورتوں میں نماز فاسد نہ ہوگی۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 557)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

21 چار رکعت تراویح میں دوسری پر درود

سوال: تراویح اگر چار رکعت کر کے پڑھ رہے ہوں تو دوسری میں قعدہ کے بعد درود و دعا پڑھنا کیسا؟

USER ID: بشیر احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

تراویح دو دو رکعت کر کے پڑھنا بہتر ہے لیکن اگر کسی نے چار چار کر کے پڑھی تو بھی جائز ہے، چار رکعت پڑھنے کی صورت میں دوسری پر التحیات کے بعد درود پاک و دعا اور تیسری کو ثنا سے شروع کرنا بہتر ہے، اگر کسی نے ایسا نہ کیا تو بھی نماز ہو جائے گی اور سجدہ سہو واجب نہیں ہو گا۔ فتاوی رضویہ میں اس طرح کے سوال کے جواب میں فرمایا: ”پڑھنا بہتر ہے۔۔۔ مگر تراویح خود ہی دو رکعت بہتر ہے۔“

(فتاوی رضویہ، جلد 7، صفحہ 444)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

22 نماز کے رکوع میں آیت سجدہ کی نیت

سوال: نماز میں آیت سجدہ پڑھی تو کیا رکوع میں آیت سجدہ کی نیت کر سکتے ہیں؟

USER ID: محمد زبیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نماز میں آیت سجدہ پڑھی تو سجدہ سے بھی سجدہ تلاوت ادا ہو جائے گا اور رکوع سے بھی لیکن رکوع سے اس وقت ادا ہو گا جب آیت سجدہ پڑھنے کے فورا بعد رکوع کرے اور اگر نماز کے رکوع میں ہی سجدہ تلاوت کا ارادہ ہے تو رکوع میں سجدہ تلاوت کی نیت کر لے۔ بہار شریعت میں ہے: "نماز کا سجدۂ تلاوت سجدہ سے بھی ادا ہو جاتا ہے اور رکوع سے بھی، مگر رکوع سے جب ادا ہو گا کہ فوراً کرے فوراً نہ کیا تو سجدہ کرنا ضروری ہے اور جس رکوع سے سجدۂ تلاوت ادا کیا خواہ وہ رکوعِ رکوعِ نماز ہو یا اس کے علاوہ۔ اگر رکوعِ نماز ہے تو اس میں ادائے سجدہ کی نیت کر لے اور اگر خاص سجدہ ہی کے لیے یہ رکوع کیا تو اس رکوع سے اٹھنے کے بعد مستحب یہ ہے کہ دو تین آیتیں یا زیادہ پڑھ کر رکوعِ نماز کرے فوراً نہ کرے۔ اور اگر آیت سجدہ پر سورت ختم ہے اور سجدہ کے لیے رکوع کیا تو دوسری سورت کی آیتیں پڑھ کر رکوع کرے۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 734)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ/01 اپریل 2023ء

23 رمضان کے آخری جمعہ کو قضائے عمری

سوال: ہمارے ہاں لوگ کہتے ہیں کہ رمضان کے آخری جمعہ کو 4 رکعت پڑھ لی جائے تو عمر بھر کی قضا نمازیں ادا ہو جاتی ہیں کیا یہ درست ہے؟

USER ID: غلام رسول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

رمضان کے آخری جمعہ کو چار رکعت ادا کرکے یہ سمجھنا کہ عمر بھر کی قضا نمازیں ادا ہو گئیں، باطل و من گھڑت ہے اور شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں بلکہ شرعی حکم یہ ہے کہ جس کی نماز قضا ہو گئی وہ اس کو پڑھنی ہی ہو گی اور قضا کے گناہ سے توبہ بھی لازم ہے۔ بخاری شریف کی حدیث ہے: "من نسی صلاۃ فلیصل اذا ذکرھا لا کفارۃ لھا الا ذالک" ترجمہ: جو نماز ادا کرنا بھول گیا اس کو چاہیے کہ جب یاد آئے تو نماز پڑھ لے کیونکہ نماز کی ادائیگی کے علاوہ اس کا کوئی کفارہ نہیں۔ (بخاری، حدیث 597)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

24

تمام سجدہ تلاوت ایک ساتھ

سوال: اگر تلاوت کے دوران سجدہ تلاوت نہ کیا ہو تو بعد میں سارے ایک ساتھ کر سکتے ہیں؟

USER ID: ایما

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بہتر یہی ہے کہ بیرون نماز آیت سجدہ جب پڑھی اسی وقت سجدہ کر لیا جائے لیکن بعد میں بھی سب ایک ساتھ کر لئے تو واجب ادا ہو جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "آیت سجدہ بیرون نماز پڑھی تو فورا سجدہ کر لینا واجب نہیں ہاں بہتر ہے کہ فورا کر لے اور وضو ہو تو تاخیر مکروہ تنزیہی۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 733)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

25

فرض نماز میں لقمہ دینا

سوال: کیا فرض نماز میں لقمہ نہیں دے سکتے اگر دیا تو نماز ٹوٹ جاتی ہے ؟

USER ID: علی میرپوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

فرض ہو خواہ نفل، تراویح ہو یا وتر اگر لقمے کا محل ہو تو دے سکتے ہیں، فرض میں بھی صحیح لقمہ دیا تو نماز فاسد نہیں ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "امام جب نماز میں غلطی کرے تو اسے لقمہ دینا مطلقا جائز ہے خواہ فرض ہو یا واجب یا تراویح یا نفل۔" (فتاوی رضویہ، جلد 7، صفحہ 288)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

26

تراویح میں ختم قرآن

سوال: تراویح میں ختم قرآن کرنا ضروری ہے؟

USER ID: محمد شاہ نواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تراویح میں ایک بار قرآن ختم کرنا سنت مؤکدہ ہے، صرف لوگوں کی غفلت و سستی کی وجہ سے اس کو ترک نہ کیا جائے۔ بہار شریعت میں ہے: "تراویح میں ایک بار قرآن مجید ختم کرنا سنت مؤکدہ ہے اور دو مرتبہ فضیلت اور تین مرتبہ افضل۔ لوگوں کی سستی کی وجہ سے ختم کو ترک نہ کرے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 690)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ / 03 اپریل 2023ء

27 فرض کی چوتھی رکعت میں سورت ملائی

سوال: فرض کی چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے ساتھ اگر بھول کر سورت ملادی تو کیا سجدہ سہو واجب ہو گا؟

USER ID: توقیر احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

فرض کی تیسری اور چوتھی رر کعت میں سورت ملانے سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوتا چاہے بھول کر پڑھے یا جان بوجھ کر بلکہ اکیلے پڑھنے والے کے لئے تو سورت ملانا مستحب ہے البتہ امام کو چاہیے کہ سورت نہ ملائے۔ بہار شریعت میں ہے: "فرض کی پچھلی رکعتوں میں سورت ملائی تو سجدہ سہو واجب نہیں اور قصداً ملائی جب بھی حرج نہیں مگر امام کو نہ چاہیے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 711)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ/03 اپریل 2023ء

28 عشا سے پہلے تراویح

سوال: عشا کے فرض نہ پڑھے ہوں تو تراویح پڑھ سکتے ہیں؟

USER ID: ہارون سیالوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تراویح کا وقت عشا کے فرض پڑھنے کے بعد شروع ہوتا ہے، لہذا جس نے عشا کے فرض نہ پڑھے ہوں وہ تراویح ادا نہیں کر سکتا بلکہ فرض ادا کر کے تراویح میں شامل ہو۔ بہار شریعت میں ہے: "اس کا وقت فرض عشا کے بعد سے طلوع فجر تک ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 689)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ/03 اپریل 2023ء

29 تراویح عورت کے لئے بھی 20 رکعت

سوال: کیا عورت کے لئے بھی 20 رکعت تراویح ہے؟

USER ID: ام حیدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

تراویح مرد و عورت سب کے لئے 20 رکعت سنت مؤکدہ ہے، عورت بھی 20 سے کم پڑھنے کی عادت بنائے گی تو گناہ گار ہوگی۔ بہار شریعت میں ہے: "تراویح مرد و عورت سب کے لیے بالاجماع سنت مؤکدہ ہے اس کا ترک جائز نہیں۔۔۔ جمہور کا مذہب یہ ہے کہ تراویح کی بیس رکعتیں ہیں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 688)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ / 03 اپریل 2023ء

امامت

FARAZ ATTARI MADANI

30

دو افراد جماعت کیسے کریں

سوال: دو افراد نماز کی جماعت کیسے کروائیں اور تیسرا آجائے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: احمد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جب دو ہی افراد ہوں تو اہلیت امامت رکھنے والا نماز پڑھائے اور دوسرا شخص امام کی سیدھی جانب برابر میں اس طرح کھڑا ہو کہ مقتدی کا ٹخنہ امام کے ٹخنے سے آگے نہ ہو، سر آگے پیچھے ہو تو حرج نہیں۔ اگر تیسرا فرد آجائے تو بہتر یہ ہے کہ مقتدی پیچھے ہٹ جائے، ہاں اگر مقتدی کو مسئلہ معلوم نہ ہو یا کسی عذر کے سبب پیچھے نہ ہٹ سکتا ہو تو امام آگے بڑھ جائے، بعد میں آنے والے شخص کو چاہیے کہ مقتدی یا امام کو اشارہ کر دے اور مقتدی یا امام اتباع شریعت کی نیت کر کے جو حکم ہے اس پر عمل کریں۔

(ملخصا: فتاوی رضویہ، جلد 7، صفحہ 138، بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 585)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

31 جماعت چھوڑنے والے کی امامت

سوال: جماعت چھوڑنے والے کی امامت کا کیا حکم ہے؟

USER ID: سید جمال عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر مسجد کی جماعت واجب ہے اور وہ بلا عذر شرعی جماعت ترک کرنے کا عادی ہے تو ایسا شخص فاسق معلن ہے اور فاسق معلن کو امام بنانا ناجائز ہے، اگر ایسے کے پیچھے نماز پڑھی تو نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "مگر فرائض بے عذر قوی مقبول اگر حجرہ میں پڑھے اور مسجد میں نہ آئے، گنہگار ہے، چند بار ایسا ہو، تو فاسق، مردود الشہادۃ ہوگا۔" (فتاوی رضویہ، جلد7، صفحہ 394 / 393)

ایک جگہ ہے: "فاسق معلن کو امام بنانا گناہ اور اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی کہ پڑھنی گناہ اور پھیرنی واجب۔" (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 600)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

32

نابالغ کی امامت

سوال: کیانابالغ تراویح کی امامت کر سکتا ہے؟

USER ID:علی رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سمجھ دار نابالغ صرف نابالغوں کی امامت کر سکتا ہے، بالغوں کی نماز نابالغ کے پیچھے نہیں ہو گی۔ بہار شریعت میں امامت کی شرائط میں ایک ہے: "بلوغ۔۔۔ نابالغوں کے امام کے لیے بالغ ہونا شرط نہیں، بلکہ نابالغ بھی نابالغوں کی اِمامت کر سکتا ہے، اگر سمجھ وال ہو۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 561)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ /29 مارچ 2023ء

33 مقتدی کا سمع اللہ لمن حمدہ کہنا

سوال: جماعت میں امام صاحب اللہ اکبر کہتے ہیں اور سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہیں تو کیا مقتدی بھی کہے گا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

USER ID: ملک شاہزیب اعوان

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سمع اللہ لمن حمدہ کہنا امام کے لئے سنت ہے مقتدی نہیں کہے گا بلکہ مقتدی اللھم ربنا و لک الحمد کہے کہ اس کے لئے یہی سنت ہے البتہ اکیلے نماز پڑھنے والے کے لئے دونوں کہنا سنت ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "رکوع سے اٹھنے میں امام کے لیے سمع اللہ لمن حمدہ کہنا اور مقتدی کے لیے اللھم ربنا و لک الحمد کہنا اور منفرد کو دونوں کہنا سنت ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1 صفحہ 527)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

روزہ/ اعتکاف

FARAZ ATTARI MADANI

34

شیخ فانی اعتکاف میں

سوال: کیا شیخ فانی اعتکاف میں بیٹھ سکتا ہے جبکہ روزہ رکھنے کی قدرت اس میں نہ ہو؟

USER ID: بلال احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

رمضان کے آخری عشرے کے اعتکاف کے لئے روزہ شرط ہے، لہذا جو روزہ رکھنے کی قدرت نہیں رکھتا وہ سنت اعتکاف نہیں کر سکتا البتہ اگر اسے ایسی کوئی بیماری وغیرہ نہ ہو جو مسجد میں داخلے سے مانع ہو تو ایسا شخص نفلی اعتکاف کر سکتا ہے۔بہار شریعت میں ہے:" اعتکاف مستحب کے لیے نہ روزہ شرط ہے، نہ اس کے لیے کوئی خاص وقت مقرر، بلکہ جب مسجد میں اعتکاف کی نیت کی، جب تک مسجد میں ہے معتکف ہے، چلا آیا اعتکاف ختم ہو گیا۔۔۔ اعتکاف سنت یعنی رمضان شریف کی پچھلی دس تاریخوں میں جو کیا جاتا ہے، اس میں روزہ شرط ہے، لہٰذا اگر کسی مریض یا مسافر نے اعتکاف تو کیا مگر روزہ نہ رکھا تو سنت ادا نہ ہوئی بلکہ نفل ہوا۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1022،1021)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ /20 مارچ 2023ء

35

روزے میں بلڈ (خون) ٹیسٹ

سوال: روزے میں ٹیسٹ کے لئے بلڈ کا سیمپل دینے سے یا کسی کو بلڈ ڈونیٹ کرنے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

USER ID: محمد ارسلان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں ٹیسٹ کے لئے خون نکلوانے یا کسی کو خون دینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ کمزوری ہوتی ہو تو بچنا چاہیے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "فصد سے روزہ نہ جائے گاہاں ضعف کے خیال سے بچے تو مناسب۔"

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 493)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21مارچ 2023ء

36

روزے میں انجکشن

سوال: روزے میں انجکشن لگوانا کیسا؟

USER ID: محمد عبد اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے کی حالت میں انجکشن لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا چاہے گوشت میں (inter muscular) لگے یا نس میں (intravenous) لگے اسی طرح ڈرپ لگوانے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ انجکشن اور ڈرپ میں جو دوا یا غذا ہوتی ہے وہ مسامات کے ذریعے اندر جاتی ہے منفذ (route) کے ذریعے دماغ اور معدہ تک نہیں پہنچتی اور فقہ حنفی کا قاعدہ ہے کہ جسم کے اندر دوا یا غذا جانے سے روزہ اس وقت ٹوٹے گا جب یہ دماغ یا معدہ تک منفذ کے ذریعے پہنچے جیسا کہ تیل لگانے یا نہانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کہ تیل اور پانی جسم کے اندر جاتا ہے مگر چونکہ یہ بھی مسامات کے ذریعے جاتا ہے اس لئے روزہ نہیں ٹوٹتا، اسی طرح انجکشن سانپ کے کاٹنے کی طرح ہے کہ جس طرح اس کے کاٹنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اسی طرح انجکشن لگنے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

(ماخوذا: فتاوی مفتی اعظم ہند، کتاب الصوم، جلد 3، صفحہ 302، شبیر برادز)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 شعبان المعظم 1444ھ / 22 مارچ 2023ء

فقہی مسائل گروپ
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

37

حاملہ کو روزے میں الٹی

سوال: حاملہ کو روزے میں خود بخود الٹی ہو گئی تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

USER ID: بنت عبد القدیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حاملہ ہو یا غیر حاملہ، روزے میں خود بخود الٹی آنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ امیر اہلسنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: "روزے میں خود بخود کتنی ہی قے (یعنی اُلٹی۔Vomiting) ہو جائے (خواہ بالٹی ہی کیوں نہ بھر جائے) اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔"
(فیضان رمضان، صفحہ 133)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فرازعطاری مدنی
29 شعبان المعظم 1444ھ / 22 مارچ 2023ء

38

حاملہ کو روزہ چھوڑنے کی رخصت

سوال: ایک عورت کو ایک ماہ کا حمل ہے اور عورت بہت کمزور ہے کیا اس کو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؟

USER ID: ام عبد الغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حاملہ کو اگر اپنی یا بچے کی جان کو نقصان پہنچنے یا بیمار ہو جانے یا سخت مشقت میں پڑ جانے کا گمان غالب ہو تو اس کو اس وقت روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے، لیکن بعد میں اس کو ان روزوں کی قضا کرنی ہو گی، اور اگر ایسی کیفیت نہیں تو روزہ چھوڑنا جائز نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”حاملہ کو بھی مثلِ مرضعہ روزہ نہ رکھنے کی اجازت اسی صورت میں ہے کہ اپنے یا بچے کے ضرر کا اندیشہ غلبہ ظن کے ساتھ ہو نہ کہ مطلقا۔“

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 597)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 شعبان المعظم 1444ھ / 22 مارچ 2023ء

39

روزے میں منہ سے خون

سوال: روزے کی حالت میں منہ سے خون نکلے تو روزے پر کیا اثر پڑے گا؟

USER ID: قاری محمد شوکت سلطانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

خون اگر حلق سے نیچے اترا اور وہ تھوک سے زیادہ یا برابر تھا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر خون تھوک کے برابر تھا مگر ذائقہ حلق میں محسوس ہوا تو بھی روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر خون تھوک سے کم تھا اور ذائقہ محسوس نہ ہوا تو روزہ نہیں ٹوتے گا۔ در مختار میں ہے: ”اما اذا وصل فان غلب الدم او تساویا فسد، والا لا، الا اذا وجد طعمہ“ ترجمہ: بہر حال اگر دانتوں سے خون نکلا اور حلق سے نیچے اترا تو اگر خون تھوک سے زیادہ یا برابر ہے تو روزہ ٹوٹ گیا اور اگر تھوک سے کم ہے تو روزہ نہ گیا مگر یہ کہ کم ہونے کی صورت میں حلق میں ذائقہ محسوس ہوا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

(در مختار، جلد 3، صفحہ 422، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 رمضان المبارک 1444ھ / 25 مارچ 2023ء

40

روزے میں لینس

سوال: روزے میں لینس لگانا کیسا؟

USER ID: حافظ بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

روزے میں لینس لگانے کی اجازت نہیں اس لئے کہ لینس عموما ایک خاص قسم کے پانی (LIQUID / SOLUTION) میں ہوتے ہیں اور اسی حالت میں نکالا کر پہن لئے جاتے ہیں جس سے پانی کے قطرات آنکھ کے اندر چلے جاتے ہیں، اگر اس خاص پانی کا ایک قطرہ بھی آنکھ کے اندر گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03 رمضان المبارک 1444ھ / 25 مارچ 2023ء

41

روزے میں ٹوتھ پیسٹ

سوال: روزے میں ٹوتھ پیسٹ کرنا کیسا؟

USER ID: اویس احمد جتھول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں ٹوتھ پیسٹ کرنے کی اجازت نہیں کیونکہ اس میں ایسے باریک ذرات ہوتے ہیں جو حلق سے نیچے اتر جاتے ہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "روزی میں منجن ملنا نہ چاہیے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 511)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 رمضان المبارک 1444ھ / 25 مارچ 2023ء

42

آنکھ میں ڈراپس

سوال: روزے میں آنکھ میں ڈراپس ڈال سکتے ہیں؟

USER ID: محمد شاہد جمال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں آنکھ میں ڈراپس یا کوئی مرہم نہیں ڈال سکتے، اگر ڈالا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اس لئے کہ آنکھ میں ایسا منفذ (route) ہے جس سے دوا وغیرہ براہ راست (direct) معدہ میں جائے گی اور منفذ کے ذریعے سے کوئی چیز معدہ میں جانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 رمضان المبارک 1444ھ / 26 مارچ 2023ء

43

روزے کا کفارہ

سوال: روزے کا کفارہ کیا ہے؟

USER ID: راحت علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کفارہ کی شرائط پائی جائیں تو روزے کے کفارے میں یا تو ایک غلام آزاد کیا جائے، آج کل غلاموں کا دور نہیں لہذا ساٹھ روزے پے درپے یعنی بغیر کسی وقفے کے رکھنے ہوں گے اور جو روزہ توڑا وہ قضا کرنا ہو گا، اگر کوئی شخص ساٹھ روزے رکھنے پر قادر نہیں تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کا کھانا کھلا دے یا اس کی رقم دے دے یا ساٹھ مسکینوں کو ایک صدقہ فطر کی مقدار گندم یا اس کا آٹا یا اس کی قیمت دے دے۔ (ماخوذ از: فیضان رمضان۔ صفحہ 152)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 رمضان المبارک 1444ھ / 26 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

44

افطار کس وقت کے اعتبار سے

سوال: اگر بندہ سفر میں ہو تو افطار کہاں کے اعتبار سے کرے گا؟

USER ID: محمد زوہیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

آدمی غروب آفتاب کے وقت جہاں ہو گا وہیں کے وقت کے اعتبار سے افطار کرے گا۔ شامی میں ہے: ”ولا یفطر مالم یغلب علی ظنہ غروب الشمس“ ترجمہ: اور روزہ افطار نہ کرے جب تک غروب آفتاب کا ظن غالب نہ ہو جائے۔

(شامی، جلد2، صفحہ 402، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 رمضان المبارک 1444 ھ / 26 مارچ 2023ء

45

روزے میں حیض آجائے

سوال: اگر روزے میں عورت کو حیض آجائے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا اور کیا وہ کھا پی سکتی ہے اور قضا کرنا ہو گا؟

USER ID:محمد احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں اگر عورت کو حیض آجائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اب وہ کھا پی سکتی ہے اور اس روزے کی بعد میں قضا فرض ہے۔ بہار شریعت میں ہے: ”عورت کو جب حیض و نفاس آگیا تو روزہ جاتا رہا۔۔۔ حیض و نفاس والی کے لیے اختیار ہے کہ چھپ کر کھائے یا ظاہراً، روزہ کی طرح رہنا اس پر ضروری نہیں۔“

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1004)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

46 صبح صادق سے پہلے عورت پاک ہو گئی

سوال: اگر عورت صبح صادق سے پہلے پاک ہو گئی تو روزہ رکھنا ہو گا؟

USER ID:زم زم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عورت اگر صبح صادق سے پہلے حیض سے پاک ہو گئی تو اس دن کا روزہ اس پر فرض ہے اگرچہ ابھی غسل نہ کیا ہو۔ ساجد مدنی صاحب لکھتے ہیں: "اگر فجر کا وقت شروع ہونے سے ایک لمحہ قبل عورت پاک ہو گئی تو (رمضان ہونے کی صورت میں) اگلے دن کا روزہ رکھنا عورت پر فرض ہو جائے گا۔۔الخ" (خواتین کے مسائل، صفحہ 83)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

47

سگریٹ کا دھواں اندر جانے سے روزہ

سوال: اگر کوئی شخص قریب میں سگریٹ پی رہا ہے اور اس کا دھواں اندر جائے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

USER ID: حافظ احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر کوئی اور سگریٹ پی رہا ہو اور اس کا دھواں اندر گیا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا البتہ سگریٹ پینے سے یا جان کر دھواں اندر کھینچنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "مکھی یا دھواں یا غبار حلق میں جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 982)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

48

روزہ میں نسوار

سوال: روزے میں نسوار لگانا کیسا؟

USER ID: مروت حنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

روزے میں نسوار لگانا جائز نہیں اگر لگائی تو روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ اس کے اجزا اتنے باریک ہوتے ہیں جو بغیر قصد کے حلق کے نیچے اتر جاتے ہیں، ایسے روزے کی قضا کرنی ہوگی اور شرائط پائی گئیں تو کفارہ بھی لازم آئے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "نسوار تو بہت باریک چیز ہے جب اوپر کو سُونگی جائے گی ضرور دماغ کو پہنچے گی اور ان طلب والوں کے مقاصد تبھی یونہی بر آئیں گے اور فقہیات میں ایسا مظنون مثل متیقن ہے، یہ سب شیطانی وسوسے ہیں، ان چیزوں کے استعمال سے جو روزہ جائے اس کی فقط قضا نہیں بلکہ کفارہ بھی ضرور ہوگا کہ ان میں صلاح بدن و قضائے شہوت ہے اور اگر بالفرض ان میں احتیاط یقینی کی صورت متصور بھی ہوتی جب بھی ممانعت میں شک نہ تھا۔" (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 492)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

49

شوہر نے روزہ نہ رکھا ہو تو اسے کھانا دینا

سوال: اگر شوہر نے روزہ نہ رکھا ہو تو اسے کھانا دینا کیسا؟

USER ID: علی اختر مصری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

اگر شوہر نے کسی ایسے عذر کے سبب روزہ نہ رکھا ہو جس میں شریعت نے اسے اجازت دی ہو اور اس کا روزے داروں کی طرح رہنا واجب نہ ہو تو اسے کھانا وغیرہ دینا جائز ہے لیکن اگر شرع کی طرف سے رخصت نہ ہونے کے باوجود روزہ چھوڑا یا ایسی صورت پائی گئی جس میں روزے داروں کی طرح رہنا اس پر واجب ہو تو پھر اس کو کھانا وغیرہ نہیں دے سکتی کیونکہ یہ ناجائز کام میں معاونت ہے البتہ شوہر کی طرف سے فتنے یا ظلم کا گمان غالب ہو تو دل میں برا جانتے ہوئے دے دے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: "وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ۪" ترجمہ: گناہ اور زیادتی کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون نہ کرو۔ (المائدہ:2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ /29 مارچ 2023ء

50

روزے میں ناک میں دوا ڈالنا

سوال: ناک میں دوا ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

USER ID: محمد ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ناک میں دوا ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ ناک میں ایسا منفذ (route) ہے جو دوا وغیرہ کو براہ راست معدہ میں لے جاتا ہے اور منفذ کے ذریعے کسی چیز کے معدے میں جانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ بہار شریعت میں جہاں روزہ ٹوٹنے سے قضا لازم ہونے کا بیان ہے اس میں ہے: "ناک سے دوا چڑھائی" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 989)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

51

روزے میں سرمہ

سوال: روزے میں سرمہ لگانا کیسا؟

USER ID:محمد خالد اعجاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں سرمہ لگانا جائز ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ روزہ میں سرمہ لگانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو اس کی اجازت بھی عطا فرمائی۔ حدیث پاک میں ہے: "عن انس بن مالك انه كان يكتحل وهو صائم" ترجمہ: انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزے میں سرمہ لگایا کرتے تھے۔ (ابو داؤد، حدیث 2378)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

52

روزے میں سر میں تیل ڈالنا

سوال: روزے میں سر میں تیل ڈالنا کیسا؟

USER ID:محمد خالد اعجاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں سر میں تیل ڈالنا جائز ہے کیونکہ مسام کے ذریعے سے اگر کوئی چیز بدن میں جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ بہار شریعت میں ہے: "تیل یا سرمہ لگایا تو روزہ نہ گیا اگرچہ تیل یا سرمہ کا مزہ حلق میں محسوس ہوتا ہو۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 982)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

53

نابالغ نے روزہ توڑا تو قضا

سوال: اگر 6 سال کے بچے نے روزہ توڑا تو کیا قضا کرے گا؟

USER ID: علی محمد لوہانوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نابالغ نے اگر روزہ توڑا تو اس کو قضا یا کفارے کا حکم نہیں دیا جائے گا۔ شامی میں ہے: "الصبی اذا افسد صومہ لا یقضی" ترجمہ: نابالغ نے اگر روزہ توڑ دیا تو قضا کا حکم نہیں۔

(شامی، جلد 3، صفحہ 442)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

54

دعوت اسلامی نماز ٹائمنگ ایپ

سوال: دعوت اسلامی کی نماز ٹائمنگ والی ایپ میں جو ٹائم ہوتا ہے وہ مدنی چینل اور کلینڈر سے کچھ فرق ہوتا ہے اب روزہ کیسے افطار کریں؟

USER ID:عبد الغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

دعوت اسلامی کے نماز ٹائمنگ والے کلینڈر اور مدنی چینل پر سحر و افطار کے اوقات احتیاطی ہوتے ہیں یعنی شہر بھر کی عمارتوں اور مختلف مقامات پر آنے والے چند منٹوں کے فرق کو مد نظر رکھ کر بنایا جاتا ہے جبکہ ایپ میں آپ جس مقام پر ہیں وہیں کا ٹائم دیتا ہے تو اگر آپ کی موبائل کی گھڑی اور ایپ بالکل درست سیٹنگ پر ہے تو اس کے مطابق سحر و افطار کرسکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

55

روزے میں ہیئر کلر لگانا

سوال: روزے میں ہیئر کلر لگانا کیسا؟

USER ID: گلفام اسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے کی حالت میں ہیئر کلر لگانا جائز ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ یاد رہے کالا یا ڈارک براؤن کلر لگانا جائز نہیں چاہے روزہ ہو یا نہ ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

56

کس اذان سے افطار کریں

سوال: کیا کسی بھی مسجد کی اذان سے روزہ افطار کر سکتے ہیں؟

USER ID: عمران آصف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

افطاری کا اذان سے کوئی تعلق نہیں، اصل یہ ہے کہ غروب آفتاب کا یقین ہو جائے۔ بعض اوقات اذان وقت سے پہلے بھی ہو جایا کرتی ہے اس لئے ہر ایک کو افطار کا وقت پتا ہونا چاہیے، جب وقت ہو جائے تو افطار کر سکتے ہیں۔ گا۔ شامی میں ہے: "ولا یفطر ما لم یغلب علی ظنہ غروب الشمس" ترجمہ: اور روزہ افطار نہ کرے جب تک غروب آفتاب کا ظن غالب نہ ہو جائے۔

(شامی، جلد2، صفحہ 402، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ/30 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

57

روزے میں لپ اسٹک

سوال: روزے میں لپ اسٹک لگانا کیسا جبکہ عورت کو ہونٹوں پر زبان پھیرنے کی عادت ہو؟

USER ID: حامد رضا سبحانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے کی حالت میں لپ اسٹک لگانے سے بچنا چاہیے کہ اس کے اجزا کا حلق سے نیچے اترنے کا خدشہ ہوتا ہے، اگر لپ اسٹک کے اجزا حلق سے نیچے اترے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

58

روزے میں بھاپ

سوال: روزے میں بھاپ لینا کیسا؟

USER ID: حامد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

روزے میں بھاپ / اسٹیم لینے کی اجازت نہیں، اگر کسی نے لی تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "اگر خود قصداً دھواں پہنچایا تو فاسد ہو گیا جبکہ روزہ دار ہونا یاد ہو، خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اور کسی طرح پہنچایا ہو۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 982)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــہ
ابو البنات فراز عطاری مدنی
08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

59

خود پر غسل فرض کرنے سے روزہ

سوال: اگر خود پر غسل کسی نے فرض کر لیا تو روزے کا کیا حکم ہے؟

USER ID: سعدان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خود پر غسل فرض کر لینا ناجائز و گناہ ہے اور روزے کی حالت میں زیادہ سخت گناہ ہے، اگر کسی نے روزے میں ایسا فعل کیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس روزے کی قضا لازم ہو گی۔ ھندیہ میں ہے: "الصائم اذا عالج ذکرہ حتی امنی فعلیہ القضاء وھو المختار" ترجمہ: روزہ دار نے مشت زنی کی یہاں تک کہ منی نکل آئی تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس پر قضا لازم ہے یہی مختار ہے۔ (ھندیہ، جلد 1، صفحہ 205)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

60

اعتکاف کی شرائط

سوال: مرد کے اعتکاف کی شرائط کیا ہیں؟

USER ID: حافظ عمران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مرد کے اعتکاف کے لئے مسجد شرط ہے، مرد کا اعتکاف گھر یا جائے نماز میں نہیں ہو سکتا۔ سنت اعتکاف کے لئے روزہ بھی شرط ہے۔ اعتکاف درست ہونے کے لئے یہ بھی شرط ہے کہ 20 رمضان کے غروب آفتاب سے پہلے اعتکاف کی نیت سے مسجد میں موجود ہو۔ اسی طرح مسلمان اور عاقل ہونا بھی شرط ہے۔

(ماخوذا: بہار شریعت، جلد 1، اعتکاف کا بیان)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

61 پورے کمرے کو مسجد بیت بنانا

سوال: کیا اسلامی بہن پورے روم کو مسجد بیت بنا سکتی ہے اور اس میں گھر کے کام کر سکتی ہے؟

USER ID: بتول زھرا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عورت کا پورے کمرے کو مسجد بیت بنانا جائز ہے اور اعتکاف میں اسی روم میں گھر کے کام کرنا بھی جائز ہے البتہ اٹیچ باتھ خارج مسجد بیت ہو گا، بلا اجازت شرعی اٹیچ باتھ میں نہیں جا سکتی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

62

روزے میں عطر سونگھنا

سوال: روزے میں عطر سونگھنا کیسا؟

USER ID: علامہ احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

روزے کی حالت میں عطر سونگھنا جائز ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ عطر سونگھنے سے ذرات ناک کے ذریعے دماغ تک نہیں پہنچتے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

63

صبح صادق کے بعد روٹی کے ذرات حلق میں

سوال: سحری کا ٹائم ختم ہونے کے بعد روٹی کے ذرات جو دانتوں میں رہ گئے تھے اگر حلق سے نیچے اتار لئے تو روزے کا کیا حکم ہے؟

USER ID: محمد عقیل احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر روٹی کے ذرات چنے کے برابر یا زیادہ تھے اور اسے حلق سے نیچے اتار لیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "دانتوں کے درمیان کوئی چیز چنے کے برابر یا زیادہ تھی اسے کھا گیا یا کم ہی تھی مگر مونھ سے نکال کر پھر کھالی (تو روزہ ٹوٹ گیا)۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ986)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک1444ھ/02اپریل 2023ء

64

روزے میں استنجا

سوال: کیا روزے میں استنجا کرتے وقت احتیاط کرنی چاہیے؟

USER ID: غلام جیلانی قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بعض لوگ اس مسئلہ سے غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں مگر تفصیل اس کی یہ ہے کہ روزہ دار کے لئے بہتر یہی ہے کہ استنجا کرتے وقت اوپر کو سانس قوت سے نہ کھینچے مگر صرف زور سے سانس لینے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا نہ مطلقا پانی چڑھنے سے ٹوٹے گا بلکہ روزہ اس صورت میں ٹوٹے گا جب پانی موضع حقنہ تک پہنچے اور جب ایسا ہو گا تو شدید درد ہو گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "روزہ دار کو یہ بہتر تو ہے کہ استنجا کرنے میں اوپر سانس بقوت نہ لے مگر اس قدر سے روزہ نہ جائے گا، نہ مطلقاً پانی چڑھنے سے جب تک پانی موضع حقنہ تک نہ پہنچے، اور ایسا ہو گا تو درد شدید پیدا ہو گا۔" (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 680)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ/02 اپریل 2023ء

65

روزے میں مسواک

سوال: روزے میں مسواک کرنا کیسا؟

USER ID: عبد الکریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزہ کی حالت میں بھی مسواک کرنا عام دنوں ہی کی طرح سنت ہے اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا چاہے زوال سے پہلے کی جائے یا بعد میں خشک ہو یا تر اگرچہ پانی سے تر کی ہوئی ہو البتہ چبانے سے ریشے ٹوٹتے ہوں یا ذائقہ محسوس ہوتا ہو تو چبانے سے بچنا چاہیے۔ فتاوی قاضیخان میں ہے:"ولابأس بالسواك الرطب واليابس فى الغداة والعشي عندنا" ترجمہ: ہمارے نزدیک روزہ میں مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں چاہے مسواک خشک ہو یا تر خواہ صبح کی جائے یا شام میں۔ (فتاوی قاضی خان، جلد 1، کتاب الصوم، صفحہ 182، دار الکتب العلمیۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

66

جہاں جمعہ نہ ہوتا ہو وہاں اعتکاف

سوال: جس مسجد میں پانچ وقت نماز ہوتی ہو مگر جمعہ نہ ہوتا ہو وہاں اعتکاف کرنا کیسا؟

USER ID:حافظ رانا عاصم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جس مسجد میں جمعہ نہ ہوتا ہو وہاں اعتکاف کرنا جائز ہے۔ کتب فقہ میں جہاں معتکف کو مسجد سے باہر جانے کی جائز صورتیں لکھی ہیں اس میں یہ صورت بھی ہے کہ اگر اس مسجد میں جمعہ نہ ہوتا ہو تو معتکف دوسری مسجد میں جا کر جمعہ پڑھ سکتا ہے مگر اس کی تفصیل ہے وہ کتب میں مطالعہ فرمائیں۔ بہار شریعت میں ہے: "حاجت شرعی مثلاً۔۔جمعہ کے لیے جانا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1024)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ/02 اپریل 2023ء

67 روزے میں منہ میں دوا لگانا

سوال: اگر منہ میں چھالے ہوں تو روزے میں دوا لگا سکتے ہیں؟

USER ID: ولی محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے کی حالت میں منہ میں دوا یا مرہم لگانا جائز نہیں اگر دوا کے ذرات اگر حلق سے نیچے اتر گئے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: ”شکر وغیرہ ایسی چیزیں جو مونھ میں رکھنے سے گھل جاتی ہیں، مونھ میں رکھی اور تھوک نگل گیا روزہ جاتا رہا۔“ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 986)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

68

روزے میں زخم

سوال: روزے میں چوٹ لگی اور خون نکلا تو روزہ رہا یا ٹوٹ گیا؟

USER ID: نوید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے میں جسم سے خون نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے: "الصوم مما دخل ولیس مما خرج" ترجمہ: روزہ کسی چیز کے جسم میں داخل ہونے سے ٹوٹتا ہے (جبکہ شرائط پائی جائیں) کسی چیز کے خارج ہونے سے نہیں ٹوٹتا۔ (بخاری، حدیث 1937)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ / 03 اپریل 2023ء

69 دودھ پلانے والی عورت پر روزہ

سوال: اگر کوئی عورت بچے کو دودھ پلاتی ہو تو کیا روزہ اس پر رکھنا ضروری ہے؟

USER ID: محمد سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دودھ پلانے والی عورت کو اگر اپنی یا بچے کی جان کو نقصان پہنچنے یا بیمار ہو جانے یا سخت مشقت میں پڑ جائے کا گمان غالب ہو تو اس کو اس وقت روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے، لیکن بعد میں اس کو ان روزوں کی قضا کرنی ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "حاملہ کو بھی مثلِ مرضعہ روزہ نہ رکھنے کی اجازت اسی صورت میں ہے کہ اپنے یا بچے کے ضرر کا اندیشہ غلبہ ظن کے ساتھ ہو نہ کہ مطلقا۔"

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 597)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ /20مارچ 2023ء

زکوۃ / فطرہ

FARAZ ATTARI MADANI

70 قسطوں پر لئے ہوئے پلاٹ کی زکوۃ

سوال: اگر کسی نے کوئی پلاٹ قسطوں پر لیا اور ابھی قسطیں باقی ہیں تو کیا پلاٹ پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID:عبد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ پلاٹ بیچنے کی نیت سے خریدا ہے تو اس کی مارکیٹ ویلیو کے حساب سے زکوۃ فرض ہو گی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ زکوۃ کا حساب جب کیا جائے گا تو بقیہ اقساط کو کل نصاب میں سے منہا (مائنس) کیا جائے گا چاہے پلاٹ بیچنے کی نیت سے لیا ہو یا ذاتی استعمال کے لئے۔ قدوری میں ہے: "الزکاۃ واجبۃ فی عروض التجارۃ کائنۃ ما کانت اذا بلغت قیمتھا نصابا" ترجمہ: زکاۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہو۔ (قدوری، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

71 صدقہ فطر کس کو دیں

سوال: صدقہ فطر یا روزوں کا فدیہ کس کو دینا چاہیے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

USER ID: محمد زبیر قادری

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صدقہ فطر اور روزوں کا فدیہ صدقات واجبہ میں سے ہیں اور صدقہ واجبات انہی کو دے سکتے ہیں جن کو زکوۃ دے سکتے ہیں۔ اسی طرح سنی تنظیمیں جو شریعت کے تقاضوں کے مطابق صدقات واجبہ ونافلہ خرچ کرتی ہیں ان کو بھی دے سکتے ہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "صدقہ فطر کے مصارف وہی ہیں جو زکاۃ کے ہیں یعنی جن کو زکاۃ دے سکتے ہیں، انھیں فطرہ بھی دے سکتے ہیں اور جنھیں زکاۃ نہیں دے سکتے، انھیں فطرہ بھی نہیں۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 940)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

72

فوت شدہ کا فطرہ

سوال: میرے والد صاحب فوت ہوگئے ہیں کیا ان کا فطرہ دینا ہوگا؟

USER ID: اسلم بیگ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر آپ کے والد صاحب نے اپنی زندگی میں اپنے صدقات فطر ادا نہ کیے اور وصیت کر گئے تھے تو تہائی مال سے ادا کرنا ضروری ہے اور اگر وصیت نہ کی تو مال وراثت سے ادا نہیں کیا جا سکتا البتہ سب وارثین موجود اور بالغ ہوں اور سب اجازت دیں تو مال وراثت سے بھی ادا کر سکتے ہیں، اگر ایسی صورت نہیں اور کوئی وارث اپنی طرف سے دینا چاہتا ہے تو اپنے مال میں سے نفلی صدقہ کے طور پر دے سکتا ہے ان شاء اللہ اجر پائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "صدقہ فطر شخص پر واجب ہے مال پر نہیں، لہذا مر گیا تو اس کے مال سے ادا نہیں کیا جائے گا۔ ہاں اگر ورثہ بطور احسان اپنی طرف سے ادا کریں تو ہو سکتا ہے کچھ ان پر جبر نہیں اور اگر وصیت کر گیا ہے تو تہائی مال سے ضرور ادا کیا جائے گا اگرچہ ورثہ اجازت نہ دیں۔" (بہار شریعت، ج1، ص935)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

73

بینک سے گاڑی قسطوں پر

سوال: میں نے بینک سے گاڑی قسطوں پر لی ہے، 40٪ دے چکا ہوں اور 60٪ دینا ہے میں نصاب سے کتنے مائنس کروں گا؟

USER ID: احمد علی میمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بینک سے گاڑی لینے میں کئی شرعی خرابیاں ہیں لہذا اس کی اجازت نہیں، بہر حال بینک سے گاڑی قسطوں پر لی ہے تو جو باقی رہنے والی قسطیں ہیں وہ نصاب سے مائنس ہوں گی۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "قرض کی جس قدر اقساط باقی ہوں وہ کل رقم میں سے نکالی جائیں گی ان کو نکالنے کے بعد اگر مال بقدر نصاب باقی بچتا ہو تو زکوۃ واجب ہو گی ورنہ نہیں۔"

(فتاوی اہلسنت، کتاب الزکوۃ، صفحہ 80)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

74

دو گھروں پر زکوۃ

سوال: ہمارے دو گھر ہیں ایک گاؤں میں اور ایک شہر میں ہم کبھی ایک گھر میں رہتے ہیں کبھی دوسرے میں تو کیا ان گھروں پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: احسن عبد الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جو گھر بیچنے کی نیت سے نہ خرید اہو یا خرید ا بیچنے کی نیت سے ہو مگر اب اس میں اپنی رہائش اختیار کرلی ہو تو اس پر زکوۃ نہیں کیونکہ زکوۃ مال تجارت (جو چیز بیچنے کی نیت سے خریدی ہو) پر فرض ہوتی ہے، جو چیز حاجت اصلیہ میں داخل ہو اس پر زکوۃ فرض نہیں۔ قدوری میں ہے: "الزکاۃ واجبۃ فی عروض التجارۃ کائنۃ ما کانت اذا بلغت قیمتھا نصابا" ترجمہ: زکاۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہو۔ (قدوری، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 شعبان المعظم 1444ھ / 22 مارچ 2023ء

75

گھر بنانے کے لئے رقم

سوال: اگر گھر بنانے کے لئے رقم رکھی ہو تو کیا اس پر زکوۃ فرض ہو گی؟

USER ID: ذاکر جمیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

گھر بنانے کے لئے جو رقم رکھی ہے وہ حاجت اصلیہ میں شمار نہیں ہو گی، اگر وہ خود یا دیگر اموال زکوۃ کے ساتھ مل کر نصاب تک پہنچتی ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "مکان کے لئے جمع رقم حاجت اصلیہ میں شمار نہیں ہو گی اور اس پر زکوۃ نکالنا ضروری ہے۔"

(فتاوی اہلسنت، کتاب الزکوۃ، صفحہ 100)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03 رمضان المبارک 1444ھ / 25 مارچ 2023ء

76 جس پر زکوۃ فرض نہیں اس کا زکوۃ لینا

سوال: جس پر زکوۃ فرض نہیں کیا وہ زکوۃ لے سکتا ہے؟

USER ID: محمد مظہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جس پر زکوۃ فرض نہ ہو ضروری نہیں کہ وہ مستحق زکوۃ بھی ہو کیونکہ زکوۃ لینے کا حقدار وہ ہے جس کے پاس نصاب کی مقدار مال نہ ہو یا ہو تو حاجت اصلیہ میں گھرا ہوا ہو یا اس کے اوپر اتنا قرض ہو کہ اس کو مائنس کرنے کے بعد نصاب باقی نہ رہتا ہو۔ کئی لوگوں کے پاس حاجت اصلیہ کے علاوہ ایسا سامان ہوتا ہے جو نصاب کی قدر ہوتا ہے جس سے وہ مستحق زکوۃ نہیں رہتے مثلاً گھر میں ڈیکوریشن کا سامان، صرف دعوتوں میں پہننے کے لئے لباس، مہمانوں کے لئے خاص برتن وغیرہ۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 رمضان المبارک 1444ھ / 26 مارچ 2023ء

77

صدقہ فطر کس پر واجب

سوال: صدقہ فطر کس پر دینا واجب ہے؟

USER ID: محمد اکرم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

صدقہ فطر اس آزاد مسلمان پر واجب ہے جو صاحب نصاب ہو اور اس کا نصاب حاجت اصلیہ سے فارغ ہو۔ صاحب نصاب سے مراد یہ ہے کہ جس کے پاس ساڑھے سات تولہ سونا یا ساڑھے باون تولہ چاندی ہو یا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر رقم (ملکی / غیر ملکی کرنسی / پرائز بانڈز) ہو یا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر مال تجارت (جو چیز بیچنے کی نیت سے خریدی) ہو یا اتنی مالیت کا حاجت اصلیہ (ضروریات زندگی جن کی عموما انسان کو ضرورت ہوتی ہے اور ان کے بغیر گزارا کرنے میں دشواری ہوتی ہے) سے زائد سامان ہو۔ اگر بیان کردہ چیزوں میں سے بعض ہیں اور ان کی مالیت ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر پہنچ جائے تو بھی صاحب نصاب کہلائے گا۔ صدقہ فطر میں سال گزرنا، مال نامی ہونا اور بالغ ہونا شرط نہیں۔ اگر کوئی عید کے دن صبح صادق کے وقت صاحب نصاب تھا تو صدقہ فطر واجب ہو گا۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

78

دکان پر زکوۃ

سوال: جو دکانداری کرتا ہے اس کی دکان پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: ملک شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

جس دکان میں بندہ کاروبار کرتا ہے اس پر زکوۃ نہیں ہو گی البتہ دکان میں موجود سامان پر شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ فرض ہو گی۔ قدوری میں ہے: "الزكاة واجبة فی عروض التجارة كائنة ما كانت اذا بلغت قيمتها نصابا" ترجمہ: زکاۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہو۔ (قدوری، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

79

تکافل میں جمع کروائی گئی رقم پر زکوۃ

سوال: زکوۃ کا حساب کرتے ہوئے تکافل میں جمع کروائی گئی رقم کو شامل کریں گے؟

USER ID: محمد عدیل شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ہمارے نزدیک تکافل کا رائج طریقہ شرعی خرابیوں پر مشتمل ہے البتہ جو رقم جمع کروائی ہے وہ بطور انویسمنٹ کاروبار میں لگی ہوئی ہے لہذا اگر وہ خود یا دیگر اموال کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچے اور دیگر شرائط پائی جائیں تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی۔ تنویر الابصار میں ہے: "اللازم فی عرض تجارۃ قیمتہ نصاب من ذھب او ورق مقوما باحدھما ربع عشر" ترجمہ: تجارت کو وہ سامان جس کی قیمت سونے یا چاندی کے نصاب یا ان دونوں میں سے کسی ایک کی قیمت کے برابر ہوں تو اس میں چالیسواں حصہ زکوۃ لازم ہے۔

(در مختار مع تنویر الابصار، ص 131)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

80

بینک سے کاٹی گئی زکوۃ

سوال: بینک سے کاٹی گئی زکوۃ کا حکم کیا ہے؟

USER ID: حافظ مزمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ہماری معلومات کے مطابق بینک سے کاٹی جانے والی زکوۃ مستحقین زکوۃ پر خرچ نہیں کی جاتی لہذا بینک سے کاٹی جانے والی زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔ وقار الفتاوی میں ہے: "حکومت مال زکوۃ وصول کر کے جس طرح خرچ کرتی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ زیادہ روپیہ ایسی جگہ خرچ کیا جاتا ہے جہاں کوئی مالک نہیں ہوتا ہے لہذا زکوۃ ادا نہیں ہوتی۔"

(وقار الفتاوی، جلد2، صفحہ 414)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

81

بہن کو فطرہ دینا

سوال: ایک بہن اپنی غریب بہن کو فطرہ دے سکتی ہے؟

USER ID: محمد زین ندیم قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بہن اگر مستحق زکوۃ ہے تو اس کو فطرہ بھی دے سکتے ہیں۔ فیضان زکوۃ میں ہے: "صدقہ فطر کے مصارف وہی ہیں جو زکوۃ کے ہیں یعنی جن کو زکوۃ دے سکتے ہیں انہیں فطرہ بھی دے سکتے ہیں اور جن کو زکوۃ نہیں دے سکتے ان کو فطرہ بھی نہیں دے سکتے۔ (فیضان زکوۃ، صفحہ 122)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

82

مالک نصاب کا مطلب

سوال: ہم مالک نصاب کا لفظ سنتے ہیں اس کا مطلب کیا ہے؟

USER ID: پری زاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

شریعت نے جتنے مال پر زکوۃ کو فرض قرار دیا ہے اس کو نصاب کہتے ہیں اور جو اس مال کا مالک ہو اس کو مالک نصاب یا صاحب نصاب کہتے ہیں۔ سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ (87.48 گرام)، چاندی کا نصاب ساڑھے باون تولہ (612.36 گرام)، کرنسی، بانڈز اور مال تجارت کا نصاب 52.5 تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہے۔ اگر یہ اموال انفرادی طور پر بیان کردہ مقدار کے برابر نہ ہوں مگر ان کو آپس میں ملایا جائے تو ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو جائیں تو بھی صاحب نصاب کہلائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

83

زکوۃ میں راشن دینا

سوال: زکوۃ کے پیسوں سے راشن دے سکتے ہیں؟

USER ID: ملک شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

زکوۃ میں راشن دینا جائز ہے جبکہ مستحقین زکوۃ ہی کو دیا جائے اور راشن کی جو مارکیٹ میں قیمت ہے اتنی زکوۃ شمار ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "روپے کے عوض کھانا غلہ کپڑا وغیرہ فقیر کو دے کر مالک کر دیا تو زکاۃ ادا ہو جائے گی، مگر اس چیز کی قیمت جو بازار بھاؤ سے ہو گی وہ زکاۃ میں سمجھی جائے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 909)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

84

مختلف اموال زکوۃ نصاب سے کم ہوں

سوال: اگر کسی کے پاس 2 تولہ سونا، 2 تولہ چاندی اور کچھ نقدی ہو تو زکوۃ کیسے دیں؟

USER ID: فیاض نوری اظہری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کے پاس اموال زکوۃ میں سے مختلف چیزیں ہوں مگر کوئی بھی اپنے نصاب کو نہ پہنچتی ہو تو تمام چیزوں کو ملا کر ان کی قیمت نکالی جائے گی، اگر ان کی قیمت ساڑھے باون تولہ چاندی کے برابر ہو جاتی ہے تو ان کی مالیت پر ڈھائی فیصد زکوۃ دینا فرض ہے۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "اور اگر اس کے پاس کچھ چاندی ہے اور کچھ سونا یا اس کے ساتھ کچھ رقم بھی ہے، گر سونا یا چاندی اور رقم میں سے کوئی بھی نصاب کی مقدار نہیں تو اس صورت میں چاندی کے حساب سے زکوۃ دیں گے یعنی اس سونے کو چاندی شمار کریں گے وہ اس طرح کہ ان دونوں کی قیمت کا تعین کریں گے پھر دیکھیں گے کہ یہ سونا اس چاندی یا رقم سے مل کر چاندی کی نصاب ساڑھے باون تولہ کی مقدار ہے یا نہیں، اگر نہ ہو تو زکوۃ نہیں اور اگر ہو تو زکوۃ ہے۔" (فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 214)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

85

زکوۃ کن کو دے سکتے ہیں

سوال: زکوۃ کن لوگوں کو دے سکتے ہیں تفصیل سے بتادیں؟

USER ID: محمد عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اللہ پاک نے سورہ توبہ کی آیت 10 میں 8 طرح کے لوگوں کا ذکر فرمایا ہے جن کو زکوۃ دی جاسکتی ہے، ان میں سے مولفہ القلوب زمانہ صحابہ میں بالاجماع ساقط ہوگئے اور رقاب (غلام لونڈیوں کو آزاد کروانے کے لئے دینا) اب پایا نہیں جاتا لھذا اب 6 طرح کے افراد باقی رہ گئے۔(1) فقیر (2) مسکین (3) عامل (4) غارم (5) فی سبیل اللہ (6) ابن سبیل۔ **فقیر:** وہ ہے جس کے پاس نصاب کی قدر مال نہ ہو یا ہو تو حاجت اصلیہ میں گھرا ہوا ہو۔ **مسکین:** وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ **عامل:** وہ ہے جس کو بادشاہ اسلام نے زکوۃ اور عشر وصول کرنے کے لئے مقرر کیا ہو۔ **غارم:** وہ جس پر اتنا قرض ہو کہ اسے نکالنے کے بعد نصاب نہ بچے۔ **فی سبیل اللہ:** اللہ کی راہ میں دینا، اس کی مخصوص صورتیں ہیں۔ **ابن سبیل:** شرعی مسافر جس کے پاس مال نہ رہا۔ (ملخصا: کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ/30 مارچ 2023ء

86 ٹیوب ویل سے سیراب کی گئی فصل

سوال: اگر ٹیوب ویل سے فصل سیراب کی گئی ہو تو کتنا عشر ہو گا؟

USER ID: آصف خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

فصل اگر ٹیوب ویل سے سیراب کی گئی ہو تو اس پر نصف عشر یعنی بیسواں حصہ دینا لازم ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "اور جس کی آبپاشی چرسے یا ڈول سے ہو اس میں نصف عشر یعنی بیسواں حصہ واجب ہے اور پانی خرید کر آبپاشی ہو یعنی وہ پانی کسی کی ملک ہے اس سے خرید کر آبپاشی کی جب بھی نصف عشر واجب ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 918)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

87

ڈپازٹ میں رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ

سوال: ڈپازٹ میں رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

USER ID: مظفر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

ڈپازٹ دی گئی رقم کی حیثیت قرض کی ہے اور قرض میں دی ہوئی رقم کا حکم یہ ہے کہ اگر خود یا دیگر اموال کے ساتھ مل کر نصاب تک پہنچ جائے تو شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ فرض ہو گی البتہ ادائیگی اس وقت واجب ہو گی جب نصاب یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کا پانچواں حصہ وصول ہو جائے۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: ”مذکورہ پیسوں پر بھی زکوۃ فرض ہو گی البتہ زکوۃ کی ادائیگی اسی صورت میں لازم ہو گی جب نصاب کا خمس یعنی پانچواں حصہ وصول ہو گا۔ شرعا یہ دین قوی بنتا ہے۔“ (فتاوی اہلسنت، صفحہ 274)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

88

حج کے لئے جمع کی گئی رقم پر زکوۃ

سوال: ایک شخص نے حج کے لئے رقم اکٹھی کی اور وہ تقریبا 12 لاکھ ہوگئی تو کیا اس پر زکوۃ ہے؟

ارشد USER ID:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نصاب کا سال پورا ہونے پر اس رقم کو بھی حساب میں شامل کیا جائے گا اگر شرائط پائی گئیں یعنی قرض اور حاجت اصلیہ کو نکال کر نصاب بچتا ہے تو زکوۃ فرض ہو گی۔ اس طرح کے سوال کے جواب میں اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "اس پر زکوۃ فرض ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ140)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

89

شیئرز پر زکوۃ

سوال: شیئر مارکیٹ میں انویسمنٹ ہو تو زکوۃ کس حساب سے نکالی جائے؟

USER ID: ڈاکٹر نوشاد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شیئرز کا کام کئی شرعی خرابیوں پر مشتمل ہے لہذا اس کی اجازت نہیں، بہر حال زکوۃ کے حوالے سے مسئلہ یہ ہے کہ کمپنی کے مال میں جس قدر حصہ ہو گا اس کی موجودہ قیمت کے حساب سے زکوۃ فرض ہو گی جبکہ شرائط پائی جائیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "حصص کی قیمت شرعا کوئی چیز نہیں بلکہ اصل کے روپے جتنے اس کے کمپنی میں جمع ہیں، یا مال میں اس کا جتنا حصہ ہے یا منفعت جائزہ غیر ربا میں اس کا جتنا حصہ ہے اس پر زکوۃ لازم آئے گی۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 17، صفحہ 362)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444 ھ / 03 اپریل 2023ء

90

مشینوں پر زکوۃ

سوال: استعمال میں جو مشینیں ہیں اس پر زکوۃ ہو گی یا نہیں؟

USER ID: علی قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

جو مشینیں بیچنے کی نیت سے نہیں خریدی گئیں بلکہ وہ مال وغیرہ بنانے یا تجارت میں معاونت کے لئے ہیں، ان پر زکوۃ نہیں کہ یہ آلات کی مثل ہیں اور آلات پر زکوۃ فرض نہیں کیونکہ یہ حاجت اصلیہ میں شامل ہیں۔ شامی وغیرہ کتب فقہ میں حاجت اصلیہ کے بیان میں آلات کو بھی شامل کیا گیا ہے، جیسا کہ شامی میں ہے:" وکالات الحرفة" ترجمہ: (حاجت اصلیہ یعنی۔۔) جیسے پیشے کے آلات۔ (شامی، جلد 3، کتاب الزکاۃ، صفحہ 213، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

91

زکوۃ اور صدقہ فطر میں فرق

سوال: زکوۃ اور صدقہ فطر کے نصاب میں فرق کیا ہے؟

USER ID: عمر کاظمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

زکوۃ میں سال کا گزرنا، عاقل بالغ ہونا اور مال کا نامی ہونا شرط ہے جبکہ صدقہ فطر میں یہ شرائط نہیں۔ اگر حاجت اصلیہ کے علاوہ مال غیر نامی مثلا ڈیکوریشن کے پیس، صرف مہمانوں کے لئے رکھے ہوئے برتن وغیرہ کی قیمت نصاب تک پہنچتی ہو گی تو بھی صدقہ فطر واجب ہو گا۔ اسی طرح جو عید کے دن صبح صادق کے وقت نصاب کا مالک ہو گا اس پر صدقہ فطر واجب ہو گا اگرچہ اس پر سال نہ گزرا ہو بلکہ وہ اس مال کا صبح صادق سے کچھ دیر پہلے مالک بنا ہو تو بھی واجب ہو گا۔ زکوۃ نابالغ پر فرض نہیں لیکن صدقہ فطر شرائط پائی جانے کی صورت میں نابالغ کا بھی دینا ہو گا۔ (ماخوذ از: کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ / 03 اپریل 2023ء

قسم

FARAZ ATTARI MADANI

92 نابالغ نے قسم توڑی

سوال: اگر کسی نے نابالغ میں قسم توڑی تو کیا بالغ ہو کر کفارہ دینا ہو گا؟

USER ID: واسع معین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نابالغ نے اگر قسم کھا کر توڑ دی تو نہ اس پر نابالغی کی حالت میں کفارہ ہے نہ بالغ ہونے کے بعد کیونکہ قسم درست ہونے کے لئے ایک شرط بالغ ہونا بھی ہے۔ فتاوی عالمگیری میں ہے: "فلا یصح یمین المجنون والصبي وان کان عاقلا" ترجمہ: پاگل اور بچے کی قسم صحیح نہیں اگرچہ عاقل ہو۔ (عالمگیری، ج2، ص51)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

وقف

FARAZ ATTARI MADANI

93

امام کی تنخواہ مسجد کے چندے سے

سوال: مسجد کے چندے سے امام کی تنخواہ دینا کیسا؟

USER ID:قاری ندیم رضا عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد کے چندے سے امام کی تنخواہ دینا جائز ہے جبکہ تنخواہ عرف کے مطابق ہو، اگر متولی نے عرف سے ہٹ کر بہت زیادہ مقرر کی ہے تو وہ مسجد کے چندے سے دینا جائز نہیں، اس کے لئے الگ سے چندہ کرنا ہو گا۔ فتاوی فیض الرسول میں ہے:"امام کی تنخواہ اگر اتنی ہے کہ جو واجبی طور پر ہونی چاہیے، تو مسجد کی رقم سے تنخواہ دینا جائز ہے اور اگر متولی نے اتنی زیادہ تنخواہ مقرر کر دی کہ دوسرے لوگ اتنی نہ دیتے تو مسجد کی رقم سے اس تنخواہ کا دینا جائز نہیں، متولی اپنی طرف سے دے۔ اگر مسجد کی رقم سے دے گا تو تاوان دینا پڑے گا، بلکہ اگر امام کو معلوم ہے کہ مسجد کی رقم سے یہ تنخواہ دیتا ہے، تو اسے لینا بھی جائز نہیں۔" (فتاوی فیض الرسول، جلد 2، صفحہ 374)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ /20مارچ 2023ء

94

مسجد کے چندے سے امام کو بونس

سوال: مسجد کے فنڈ سے امام کو رمضان میں بونس دینا کیسا؟

USER ID:بلال سرحدی مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

کئی جگہوں پر رمضان میں امام صاحبان کو مسجد کے چندے سے بونس دینے کا عرف ہے بلکہ باقاعدہ اس کے لئے اعلان بھی کیا جاتا ہے ،لہذا جہاں اس کا عرف ہو وہاں مسجد کے چندے سے بونس دینا جائز ہے اور جہاں اس کا عرف نہ ہو وہاں مسجد کے چندے سے نہیں دے سکتے، انتظامیہ کو چاہیے کہ اس کے لئے الگ سے صراحت کر کے چندہ لے۔ مفتی قاسم صاحب لکھتے ہیں: " چندہ کو عرف کے مطابق خرچ کرنے کا حکم ہے۔"

(وقف کے مسائل، صفحہ 229، مکتبہ اہلسنت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 شعبان المعظم 1444ھ /22 مارچ 2023ء

متفرق

FARAZ ATTARI MADANI

95

عرف کی حیثیت

سوال: عرف عام کو شریعت میں کیا خصوصیت حاصل ہے؟

USER ID:عبد الغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

عرف فقہ اسلامی کا اہم اور بنیادی اصول ہے کہ جہاں صرف عرف و تعامل ہی پایا جائے اور اس کے مقابل کوئی قوی دلیل نہ ہو تو عرف ہی دلیل شرعی ہو گا اور اس پر عمل کا حکم دیا جائے گا کیونکہ مسلمانوں کے طریقے کو عمومی طور پر کتاب و سنت میں پسند کیا گیا ہے اور اس پر چلنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ (ماخوذا: فقہ اسلامی کے سات بنیادی اصول، نشر العرف)

نوٹ: اس موضوع کی کافی تفصیل ہے جو مختلف کتابوں میں موجود ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

96

بچے کے کان میں اذان

سوال: بچے کے کان میں اذان دینا فرض ہے یا واجب؟

USER ID:پری زاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

بچے کے کان میں اذان دینا نہ فرض ہے نہ واجب بلکہ مستحب ہے۔

جب بچہ پیدا ہو تو مستحب یہ ہے کہ اس کے کان میں اذان و اقامت کہی جائے اذان کہنے سے ان شاء اللہ تعالی بلائیں دور ہو جائیں گی۔“

(بہار شریعت، ج3 ص355)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 رمضان المبارک1444ھ /26مارچ 2023ء

جائز / ناجائز

FARAZ ATTARI MADANI

97

بائیں ہاتھ سے جانور ذبح کرنا

سوال: بائیں ہاتھ سے جانور ذبح کرنا کیسا؟

USER ID: نبیل بغدادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بائیں ہاتھ سے جانور کرنا ذبح کرنا جائز ہے لیکن ادب یہ ہے کہ سیدھے ہاتھ سے کیا جائے۔ النتف فی الفتاوی میں ہے: "الخامس ان یذبحھا بیمینہ "ترجمہ: پانچواں ادب یہ ہے کہ سیدھے ہاتھ سے ذبح کرے۔
(النتف فی الفتاوی، کتاب الذبائح والصید، صفحہ 148، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

98 چوری کی چیز خریدنا

سوال: اگر کسی کو معلوم ہو کہ یہ چیز چوری کی ہے اس کو خریدنا کیسا؟

USER ID: عبد القدیر حنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

کسی چیز کے بارے میں معلوم ہو کہ یہ چوری کی ہے اس کو خریدنا ناجائز و گناہ ہے بلکہ کوئی واضح قرینہ ہو جس سے گمان ہو کہ یہ چوری کی ہے اس کو خریدنا بھی جائز نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "چوری کا مال دانستہ خریدنا حرام ہے بلکہ اگر معلوم نہ ہو مظنون ہو جب بھی حرام ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 17، صفحہ 165)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

99 غسل سے پہلے میت کے پاس تلاوت

سوال: غسل میت سے پہلے میت کے پاس تلاوت کرنا کیسا؟

USER ID: حافظ آفاق احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

غسل میت سے پہلے میت کے پاس قرآن کی تلاوت کرنا مکروہ تنزیہی یعنی ناپسندیدہ ہے البتہ دیگر ذکر و اذکار کرنے میں حرج نہیں، ہاں اگر میت کو کپڑے وغیرہ سے بالکل ڈھانپ دیا جائے تو تلاوت میں بھی کوئی کراہت نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "میت کے پاس تلاوت قرآن مجید جائز ہے، جبکہ اس کا تمام بدن کپڑے سے چھپا ہو اور تسبیح و دیگر اذکار میں مطلقاً حرج نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 809)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

100 نئے نوٹ اوپر پیسے دے کر خریدنا

سوال: عید میں نئے نوٹ خریدے جاتے ہیں مگر کچھ رقم اوپر دینی پڑتی ہے تو کیا یہ سود ہے؟

USER ID:محمد عمیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ہاتھوں ہاتھ کمی بیشی کے ساتھ خرید و فروخت جائز ہے لیکن ادھار ناجائز ہے کیونکہ یہ سود ہے البتہ نوٹ کے بدلے سکوں کی خرید وفروخت کمی بیشی کے ساتھ ہاتھوں ہاتھ بھی جائز اور ادھار بھی جائز ہے۔ درمختار میں ہے: " وان وجد احدھما ای القدر وحدہ او الجنس وحدہ حل الفضل وحرم النساء " ترجمہ: اور اگر قدر و جنس میں سے کوئی ایک چیز پائی جائے تو کمی بیشی جائز ہے اور ادھار حرام ہے۔ (درمختار، باب الربا، صفحہ 431، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ/02 اپریل 2023ء